F. 6-4 (Edit) /2018 NCPUL Press release

राष्ट्रीय उर्दू भाषा विकास परिषद्

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

National Council for Promotion of Urdu Language

Ministry of Human Resource Development
Government of India

Tel: No.: 011-49539000
Fax No.: 011-49539099

Website.: www.urducouncil.nic.in
E-mail.:publicrelation.ncpul@gmail.com
: urduduniyancpul@yahoo.co.in

فروغ اردو بھون

Farogh-e-Urdu Bhawan
FC-33/9, Institutional Area
Jasola, New Delhi-110025

Dated: 28/04/2019

اردو زبان کی شیرینی دنیا کی تمام زبانوں کے بولنے والوں کو اپنا ہم نوا بنالے گی: ڈاکٹر شیخ عقیل احمد

ابوظہبی عالمی کتاب میلے میں قومی اردو کونسل کے زیر اہتمام شام افسانہ کا انعقاد

ابوظہبی۔ اردو کی نئی بستیوں میں مہجری ادیب اردو کے فروغ کے لئے جس طرح کوشاں ہیں اور جس طرح اپنی تخلیقات کی خوشبو پوری دنیا میں بکھیر رہے ہیں اسے مدنظر رکھتے ہوئے یہ کہنا غلط نہیں ہوگا کہ اردو زبان کی شیرینی اور مٹھاس دنیا کے تمام زبانوں کے بولنے والوں کو اپنا ہم نوا بنالے گی اور وہ دن دور نہیں جب داغ دہلوی کا یہ ترمیم شدہ مصرع سچ ہوجائے گا کہ ''سارے جہاں میں دھوم ہماری زبان کی ہے''۔ یہ باتیں قومی اردو کونسل کے ڈائرکٹر ڈاکٹر شیخ عقیل احمد نے ابوظہبی عالمی کتاب میلے میں کل شام قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان اور نیشنل بک ٹرسٹ کے اشتراک سے منعقدہ شام افسانہ میں خیر مقدمی کلمات ادا کرتے ہوئے کہیں۔ انھوں نے متحدہ عرب امارات کے ادیبوں شاعروں اور اردو کے چاہنے والوں سے خطاب کرتے ہوئے اعلان کیا کہ آئندہ بین الاقوامی کتاب میلے میں عالمی سطح کا مشاعرہ، افسانہ خوانی اور سمپوزیم کا اہتمام کیا جائے گا جس میں ہزاروں کی تعداد میں سامعین شریک ہوں گے۔

کل ابوظہبی بین الاقوامی کتاب میلے میں قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان اور نیشنل بک ٹرسٹ کے اشتراک سے ایک پروگرام ''شام افسانہ'' منعقد کیا گیا۔ قومی اردو کونسل کے ڈائریکٹر ڈاکٹر شیخ عقیل احمد نے شامِ افسانہ میں شامل تمام افسانہ نگاروں اور سامعین کا خیر مقدم کیا۔ شام افسانہ کی صدارت ڈاکٹر سلیم خان نے کی جب کہ نظامت جناب سید سروش آصف نے کی۔ جن افسانہ نگاروں نے شام افسانہ میں شرکت کی ان میں ڈاکٹر سلیم خان، جناب شاداب الفت، جناب ملند ونود، جناب ڈاکٹر اصغر کمال، محترمہ نہا شرما، رتن اُپادھیائے وغیرہ قابل ذکر ہیں۔ اس پروگرام میں ڈاکٹر سلیم خان کے افسانوی مجموعہ ''چوسر کا محور'' کا اجرا بھی عمل میں آیا جو قومی اردو کونسل کی مالی امداد سے شائع ہوا ہے۔ پروگرام کے آخر میں صدر محفل ڈاکٹر سلیم خان نے اپنے صدارتی خطاب میں پڑھے گئے تمام افسانوں کا جائزہ پیش کیا۔ شام افسانہ میں اردو کے تقریبا ایک سو ادیب موجود تھے۔

آخر میں کونسل کے ڈائریکٹر ڈاکٹر شیخ عقیل احمد اور این بی ٹی کے پبلیکیشن آفیسر شمس اقبال صاحب نے تمام حاضرین کا شکریہ ادا کیا۔ ڈاکٹر شیخ عقیل احمد نے کہا کہ آج کی اس شام افسانہ میں متحدہ عرب امارات میں مقیم مہجری افسانہ نگاروں نے اپنے دلکش اور معیاری افسانوں سے سبھی سامعین کو محظوظ کیا۔ شام افسانہ کے انعقاد میں اراکین بزم اردو اور اس کے بانی وسکریٹری جناب ریحان خان اور شاعر وافسانہ نگار جناب شاداب الفت کا تعاون شامل رہا۔

(رابطہ عامہ سیل)